Visit of External Affairs Minister of India to Qatar (December 27-28, 2020)

December 28, 2020

بھارتی وزیر خارجہ کا قطر کا دورہ (27-28 دسمبر، 2020)

28 دسمبر، 2020

بھارتی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر نے 27- 28 دسمبر 2020 کے دوران قطر کا دو روزہ دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران انہوں نے عزت مآب امیر، اور عزت مآب والد امیر کے علاوہ قطر کے وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کے ساتھ ملاقات کی، اور قطر کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

ڈاکٹر ایس جیشنکر نے وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی طرف سے عزت مآب امیر تمیم بن حمد آل ثانی کو ایک ذاتی پیغام دیا، جس میں انہیں ہندوستان آنے کی دعوت دی اور کووڈ- 19 کے دوران ہندوستانی برادری کی دیکھ بھال کرنے پر قطر کا شکریہ ادا کیا۔ امیر نے جلد تاریخ پر ہندوستان آنے کی دعوت قبول کی۔ انہوں نے وزیر اعظم سے ٹیلیفون پر اپنی گفتگو کو بھی یاد کیا جس کے دوران دونوں رہنماؤں نے سرمایہ کاری اور توانائی سے متعلق ٹاسک فورسز تشکیل دینے کا فیصلہ کیا۔ دونوں فریقین اس فیصلے پر عمل درآمد کرنے کے لئے کام کر رہے ہیں۔

عزت مآب والد امیر شیخ حمد بن خلیفہ آل ثانی نے قطر میں ہندوستانی برادری کی شراکت کو سراہا اور اپنے ہندوستان کے دوروں کو یاد کیا۔ بھارتی وزیر خارجہ نے ہندوستان قطر تعلقات کے سلسلے میں جاری رہنمائی فراہم کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے عالمی اور علاقائی پیشرفت کے بارے میں رائے اور بصیرت فراہم کرنے پر والد امیر کی بھی تعریف کی۔

قطر کے وزیر اعظم اور وزیر داخلہ عزت مآب شیخ خالد بن خلیفہ بن عبد العزیز آل ثانی اور بھارتی وزیر خارجہ نے باہمی معاشی اور سلامتی تعاون کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔

وزیر خارجہ نے قطر کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ عالی جناب شیخ محمد بن عبد الرحمن بن

جاسم آل ثانی کے ساتھ دوطرفہ تعلقات پر بات چیت کرنے کے ساتھ ساتھ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تفصیلی بات چیت کی۔ دونوں وزراء نے توانائی، تجارت، سرمایہ کاری، فوڈ پروسیسنگ، حفظان صحت، تعلیم، ثقافت، دفاع اور سیکورٹی جیسے شعبوں میں کثیر الجوانب دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کثیر الجہتی فورم میں باہمی دلچسپی کے تمام امور پر باقاعدہ مشاورت اور کوارڈنیشن برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ بھارتی وزیر خارجہ نے قطر کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کو 2021 میں مشترکہ کمیشن کے پہلے اجلاس کے لئے ہندوستان کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔

وزیر خارجہ نے قطر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور قطر بزنس مین ایسوسی ایشن کے چیئرمین اور بورڈ ممبران سمیت، قطر کے کاروباری رہنماؤں سے بات چیت کی۔ بھارتی وزیر خارجہ نے ہندوستان کے ساتھ کاروباری شراکت کے لئے ان کے عزم کی تعریف کی، اور انہیں آتم نربھر بھارت کی وجہ سے جنم لینے والے نئے مواقع کے بارے میں آگاہ کیا۔

بھارتی وزیر خارجہ نے قطر میں مقیم ہندوستانی برادری کے ساتھ ایک ورچوئل بات چیت کی۔ انہوں نے کووڈ -19 چیلنج سے نمٹنے میں ہندوستانی برادری کی شراکت کو سراہا۔ وزیر خارجہ نے احمد بن علی فیفا اسٹیڈیم کا دورہ کیا جسے ہندوستانی کمپنی ایل اینڈ ٹی نے قطری پارٹنرس البلاغ گروپ کے ساتھ تعمیر کیا ہے۔ انہوں نے قطر کے نیشنل میوزیم کا بھی دورہ کیا۔

دوحہ

28 دسمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.